تبصرے

سراپائے رسول صلعم از جناب اعجاز الحق صاحب قدوسی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۳۶ صفحات کتابت وطباعت عمدہ قیمت عہ پتہ:۔ مکتبۂ قدوسی نامپیل لال ٹیکری اے (۱۱/۷) حیدرآباد دکن۔

اس مختصر سی کتاب میں لائق مصنف نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زندگی کے صرف اس رخ کو پیش کیا ہے جسے عرف عام میں پرائیویٹ یا گھریلو زندگی کہتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ کسی بڑے انسان کی زندگی کا یہی وہ رخ ہوتا ہے جو اس کی حقیقی عظمت وبزرگی کا معیار قرار دیا جا سکتا ہے۔ اسی بنا پر خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "تم میں جو شخص اپنے اہل و عیال کے ساتھ بہترین اخلاق سے پیش آتا ہے وہی درحقیقت بہترین اخلاق کا انسان ہے"۔ زبان سہل وسلیس اور انداز بیان دلنشین ہے۔ ہر مسلمان اور غیر مسلم مرد وعورت کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

رسول پاک کی صاحبزادیاں از اعجاز الحق صاحب قدوسی تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۲/ مذکورۂ بالا پتہ پر طلب کیجئے۔

اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چاروں صاحبزادیوں کے مستند حالات ماخذ کے حوالوں کے ساتھ آسان وسلیس پیرایہ میں لکھے گئے ہیں۔ یوں تو اس کا مطالعہ ہر ایک کی چشم بصیرت کے لئے سرمۂ عبرت کا کام دیگا ہی۔ تاہم عورتوں اور بچیوں کے لئے اس میں خاص درسِ بصیرت ہے کہ اس آئینہ میں وہ ایک مکمل مسلمان خاتون کی زندگی کا حقیقی نقشہ دیکھ سکتی ہیں۔

شباب و انقلاب از جناب نہال صاحب سیوہاروی تقطیع کلاں ضخامت ۲۰۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد تین روپیہ پتہ:۔ مشہور پبلشنگ ہاؤس دہلی

قارئین برہان جناب نہال سیوہاروی سے اچھی طرح واقف ہیں۔ آپ اس زمانہ کے